# 25-06-2026  URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS01

سرخیاں

۱۔کرناٹک، تلنگانہ اور آندھراپردیش کے چیف منسٹرس اور مرکزی وزیر سی آر پاٹل نے تنگھبدررا پروجیکٹ کے 33 نئے گیٹس کا مشترکہ طور پر افتتاح کیا۔

۲۔نائب صدر جمہوریہ سی پی رادھا کرشنن، وزیر اعظم نریندر مودی اور وزیر داخلہ امیت شاہ نے 1975 کی ایمرجنسی کے دوران جمہوری اقدار کے دفاع کے لئے جدوجہد کرنے والوں کوخراجِ عقیدت پیش کیا۔

۳۔ ووٹرلسٹ پر خصوصی جامع نظر ثانی کا عمل آج سے تلنگانہ اور آندھراپردیش سمیت کئی ریاستوں میں شروع ہوگیا ہے جواگلے ماہ کی 24 تاریخ تک جاری رہے گا۔

اور

۴۔ بی جے پی کے ریاستی صدر رام چندر راؤ نے کہا ہے کہ ووٹرلسٹ پر خصوصی نظر ثانی کا عمل ایک شفاف اور دستوری عمل ہے جس کا مقصد نقائص سے پاک ووٹرلسٹ تیار کرنا ہے۔

EMERGENCY

نائب صدر جمہوریہ سی پی رادھا کرشنن، وزیر اعظم نریندر مودی اور وزیر داخلہ امیت شاہ نے 1975 کی ایمرجنسی کے دوران جمہوری اقدار کے دفاع کے لئے جدوجہد کرنے والوں کوخراجِ عقیدت پیش کیا۔انہوں نے اس دور کو ہندوستان کی تاریخ کے تاریک ترین ابواب میں سے ایک قرار دیتے ہوئے کہا کہ اس عرصہ میں شہری آزادی کی معطّلی، اظہارِ رائے کی آزادی پر پابندی اور سیاسی رہنماؤں وصحافیوں کی گرفتاریوں کے ذریعہ آئین پر براہِ راست حملہ کیا گیا تھا۔

ان قائدین نے اُن شہریوں کے غیر معمولی حوصلہ اور عزم کو سراہا جنہوں نے ملک کے جمہوری ڈھانچہ کے تحفظ کے لئے ثابت قدمی کا مظاہرہ کیا۔ امیت شاہ نے کہا کہ حکومت 25 جون کو 'سمویدھان ہتیا دیوس' کے طور پر مناتی ہے تاکہ اس دور کی یاد برقرار رہے اور جمہوریت پر ایسا حملہ دوبارہ کبھی نہ ہو۔

NSD

EASY CONNECT

شہری ہوا بازی کے وزیر کے رام موہن نائیڈو نے وارانسی سے دہلی کے درمیان پہلی 'ایزی کنیکٹ' ہب اینڈ اسپوک پرواز کا افتتاح کیا جس کا مقصد غیر میٹرو شہروں کے مسافرین کے لئے بین الاقوامی سفر کو آسان بنانا ہے۔ ایئر انڈیا کے زیر انتظام اس نظام کے تحت مسافر اپنے روانگی کے ہوائی اڈے پر ہی چیک اِن اور امیگریشن کی کارروائی مکمل کر سکیں گے جس سے عالمی سفر میں سہولت حاصل ہوگی۔ مرکزی وزیر نے کہا کہ وزیر اعظم نریندر مودی کی قیادت میں ہندوستان میں 2014 کے 74 فعال ہوائی اڈوں کے مقابلہ میں اب یہ تعداد 160 سے تجاوز کر چکی ہے۔ انہوں نے یہ بھی اعلان کیا کہ آئندہ 6 ہفتوں میں مزید 6 ہوائی اڈوں پر بھی یہ نظام نافذ کیا جائے گا۔

NSD

SIR

ووٹر لسٹ پر خصوصی جامع نظر ثانی کا عمل آج سے تلنگانہ اور آندھرا پردیش سمیت کئی ریاستوں میں شروع ہو گیا ہے جو اگلے ماہ کی 24 تاریخ تک جاری رہے گا۔ بوتھ سطح کے افسران گھر گھر جا

کرووٹرس کی تفصیلات جمع کریں گےاور نئے فارم تقسیم کریں گے۔اس مقصد کے لئے موجودہ ووٹرلسٹ کے ساتھ 2002 کی انتخابی فہرست کوبھی بنیاد بنایا جائے گا۔اس مہم کا مقصد ہر اہل شہری کا اندراج یقینی بنانا اورفہرست میں موجود غلطیوں کی اصلاح کرنا ہے۔حکام نے شہریوں کو مشورہ دیاہے کہ وہ درست معلومات فراہم کریں اور مطلوبہ دستاویزات جمع کرائیں تاکہ ان کے ووٹ فہرست سے خارج نہ ہوں۔

Desk

TUNGABHADRA PROJECT

کرناٹک کے شہر ہوس پیٹ میں تنگبھدرا پروجیکٹ کے 33 نئے گیٹوں کی افتتاحی تقریب آج منعقد ہوئی۔اس موقع پر مرکزی وزیر سی آر پاٹل، کرناٹک کے وزیراعلیٰ ڈی کے شیوکمار، تلنگانہ کے وزیراعلیٰ ریونت ریڈی اور آندھراپردیش کے وزیراعلیٰ این چندرابابو نائیڈو نے شرکت کی۔ اگست 2024 کے سیلاب کے دوران 19ویں گیٹ کے بہہ جانے کے بعد ماہرین کی کمیٹی کی سفارشات کی بنیاد پر 51 کروڑ روپے کی لاگت سے یہ نئے گیٹ نصب کئے گئے۔ ریونت ریڈی نے امید ظاہر کی کہ یہ پیش رفت بین ریاستی آبی تنازعات کے حل میں معاون ثابت ہوگی اورتینوں ریاستوں میں پینے اورآبپاشی کے پانی کے مسائل کوکم کرنے میں مدد دے گی۔

DESK

NCERT

بی جے پی نے این سی ای آرٹی کے اس فیصلہ کا خیر مقدم کیا ہے جس کے تحت 1975 کی قومی ایمرجنسی کونویں جماعت کے سماجی علوم کے نصاب میں شامل کیا گیا ہے۔ پارٹی نے اس دور کو

بھارت کی آئینی تاریخ کا ایک سیاہ باب قرار دیا۔ بی جے پی کے ترجمان شہزاد پونا والا نے کانگریس پارٹی پرتنقید کرتے ہوئے کہا کہ سابق وزیراعظم اندرا گاندھی نے بنیادی حقوق، آئینی اداروں اور میڈیا کی آزادی کو محدود کرنے کے لئے اختیارات کا غلط استعمال کیا تھا۔انہوں نے کہا کہ اس باب کا مطالعہ نئی نسل کو ماضی کی غلطیوں اور چیلنجز سے سیکھنے کا موقع فراہم کرے گا تا کہ مستقبل میں جمہوری نظام کوایسی رکاوٹوں کا سامنا نہ کرنا پڑے۔

DESK

BANDI

مرکزی مملکتی وزیر داخلہ بنڈی سنجے کمار نے کریم نگر میونسپل کارپوریشن کے نالوں سے نکالے گئے بھاری مقدار میں پلاسٹک کچرے کی تصاویر شیئر کرتے ہوئے شہری ذمہ داری کی اہمیت پر زور دیا۔انہوں نے کہا کہ جمع شدہ کچرا عوامی لاپرواہی کی عکاسی کرتا ہے۔ان کے مطابق کورٹ جنکشن اورٹرینٹی کالج جیسے مصروف علاقوں میں پھینکی گئی پلاسٹک بوتلوں اور کپوں نے کئی دہائیوں سے نکاسی آب کے نظام کو متاثر کر رکھا تھا۔انہوں نے مزید بتایا کہ میونسپل کارپوریشن میں بی جے پی کی کامیابی کے بعد خصوصی فنڈس کے ذریعہ اس دیرینہ کچرے کوصاف کیا جارہاہے اور شہر کے نکاسی آب کے نظام کو بحال کیا جارہاہے۔

PTC/KMN

PIL

سپریم کورٹ نے ’شری رام جنم بھومی تیرتھ شیتر ٹرسٹ‘ کے چندوں کے انتظام کے حوالہ سے عدالتی نگرانی میں تحقیقات اور فارنسک آڈٹ کی درخواست پرفوری سماعت سے انکار کردیا ہے۔

جسٹس بی وی ناگارتھنا اور جسٹس جوئے مالیہ باگچی پر مشتمل بنچ نے درخواست گزار وکیل نریندر کمار گوسوامی کو یقین دلایا کہ معاملہ مناسب وقت پر سماعت کے لئے فہرست میں شامل کیا جائے گا۔ درخواست میں مالی بے ضابطگیوں کا حوالہ دیتے ہوئے سی سی ٹی وی فوٹیج اور ڈیجیٹل ریکارڈ محفوظ رکھنے کا مطالبہ کیا گیا ہے جبکہ مبینہ خرد برد کی تحقیقات کے لئے ریاستی حکومت کے حکم پر قائم خصوصی تحقیقاتی ٹیم کی کارروائی جاری ہے۔

NSD

GADDAM

تلنگانہ قانون ساز اسمبلی کے اسپیکر گڈم پرساد کمار نے گورنمنٹ چیف وہپ پی مہندر ریڈی اور رکن اسمبلی اریکے پوڈی گاندھی کے ہمراہ نانک رام گوڑہ میں اے پی سوپر اسپیشالٹی ڈینٹل ہاسپٹل اینڈ ایمپلانٹ سنٹر کا افتتاح کیا۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے اسپیکر نے کہا کہ تلنگانہ تیزی سے ایک طبی مرکز کے طور پر ابھر رہا ہے۔ انہوں نے طبی پیشہ کو ایک مقدس خدمت قرار دیتے ہوئے کہا کہ جدید طبی سہولیات کی بدولت بیرونِ ملک سے بھی مریض علاج کے لئے یہاں آ رہے ہیں۔ مہندر ریڈی نے صحت کی سہولیات کو سستا اور بروقت فراہم کرنے کی ضرورت پر زور دیتے ہوئے ڈاکٹروں سے غریبوں کو مفت طبی خدمات فراہم کرنے کی اپیل کی۔

PTC/HYD

PONNAM

ریاستی وزیر پونم پربھاکر نے رکن پارلیمنٹ انیل کمار یادو اور رکن اسمبلی دانم ناگیندر کے ساتھ بنجارہ ہلز کی وینکٹیشور کالونی میں ایس آئی آر پر بیداری پروگرام کا افتتاح کیا۔ انہوں نے

شہریوں سے اپیل کی کہ وہ بوتھ لیول افسران کی جانب سے فراہم کردہ مردم شماری فارم پُر کریں تاکہ ان کے ووٹ انتخابی فہرست سے حذف نہ ہوں۔ انہوں نے بتایا کہ یہ مہم 24 جولائی تک جاری رہے گی جبکہ مسودہ ووٹر لسٹ 31 جولائی کو جاری کی جائے گی۔ ریاستی وزیر نے کانگریس کے بوتھ اسسٹنٹس کو ہدایت دی کہ وہ اہلکاروں کے ساتھ قریبی رابطہ رکھیں تاکہ ہر اہل ووٹر کے حقِ رائے دہی کا تحفظ یقینی بنایا جا سکے۔

PTC/HYD

TUMMALA

ریاستی وزیر تملا ناگیشور راؤ نے ضلع کھمم کے سرکاری اسپتال کا اچانک دورہ کیا اور طبی خدمات، سہولیات، صفائی ستھرائی اور ادویات کی دستیابی کا جائزہ لیا۔ معائنہ کے دوران انہوں نے حکام کو ہدایت دی کہ مریضوں کو معیاری علاج فراہم کرنے میں کسی قسم کی غفلت نہ برتی جائے اور عوامی صحت کی خدمات کو مزید بہتر بنانے کے لئے ضروری اقدامات کئے جائیں۔ اس کے علاوہ ایس آئی آر کے تحت انہوں نے کھمم اسمبلی حلقہ کی وی ڈی اوز کالونی میں جاری ووٹر میپنگ عمل کا بھی معائنہ کیا۔

PTC/KMM

TPCC

تلنگانہ پردیش کانگریس کمیٹی کے صدر اور رکن قانون ساز کونسل مہیش کمار گوڑ نے نارائن گوڑہ میں منعقدہ طلبہ کے پروگرام 'چھاتروں کی گونج' میں شرکت کی جس کی صدارت ڈی سی سی صدر موتھا روہت نے کی۔ پروگرام کے دوران طلبہ نے سماجی، تعلیمی اور تکنیکی ترقی سے متعلق اپنے اختراعی

خیالات پیش کئے۔ مہیش کمار گوڑ نے نوجوانوں کی تخلیقی صلاحیتوں کو سراہتے ہوئے کہا کہ ان کے خیالات ملک کے مستقبل کی سمت متعین کرتے ہیں۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ کانگریس پارٹی ہمیشہ نوجوانوں کو اظہارِ خیال کے مواقع فراہم کرتی رہی ہے اور طلبہ میں قیادت کی صلاحیتیں فروغ دینے اور معاشرہ میں مثبت کردار ادا کرنے کی ترغیب دی۔

PTC/HYD

SSC

تلنگانہ میں ایس ایس سی اڈوانسڈ سپلیمنٹری امتحانات کے نتائج کا اعلان کردیا گیا ہے۔ امیدواروں کی مجموعی کامیابی کا فیصد 82.61 رہا۔ جملہ 27 ہزار 857 طلبہ نے امتحان میں شرکت کی جن میں سے 23 ہزار 13 طلبہ کامیاب رہے۔ لڑکوں کے مقابلہ، لڑکیوں نے بہتر مظاہرہ کیا۔ 84.87 فیصد لڑکیاں 81.29 لڑکے کامیاب رہے۔ جۓ شنکر بھوپال پلی، سدی پیٹ اور ملگو اضلاع میں صد فیصد طلبہ نے کامیابی حاصل کی۔ وقارآباد میں سب سے کم 44.43 فیصد طلبہ کامیاب ہوئے۔

Desk

Ramchander Rao

بی جے پی کے ریاستی صدر رام چندر راؤ نے کہا ہے کہ ووٹر لسٹ پر خصوصی نظر ثانی کا عمل ایک شفاف اور دستوری عمل ہے جس کا مقصد نقائص سے پاک ووٹر لسٹ تیار کرنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ عمل الیکشن کمیشن کے زیر اہتمام جاری ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ مرکزی حکومت کا پروگرام نہیں ہے۔ انہوں نے ووٹرس کے نام خارج کئے جانے کے بارے میں کانگریس اور بی آر ایس

کے الزامات کو جھوٹا پروپگنڈہ قرار دیا۔ انہوں نے کہا کہ کانگریس کا دہرا معیار بے نقاب ہوگیا ہے کیونکہ چیف منسٹر نے خود وزرائ کو اس عمل میں شرکت کی نصیحت کی ہے۔ انہوں نے شہریوں اور پارٹی کے نمائندوں پر زور دیا کہ وہ فرضی یا غیر قانونی ووٹرس کے نام خارج کرنے میں عہدیداروں کے ساتھ تعاون کریں۔

Desk

MoU

تلنگانہ میں سرکاری ملازمین کو انشورنس کی سہولت فراہم کرنے کیلئے آج شام حیدرآباد کے رویندرا بھارتی میں ایک یادداشتِ مفاہمت پر دستخط کئے جائیں گے۔ ریاستی محکمہ فینانس کے زیر اہتمام بینکوں کے ساتھ اس معاہدہ کو قطعیت دی گئی ہے۔ یہ پروگرام اب سے کچھ دیر قبل چیف منسٹر ریونت ریڈی، ڈپٹی چیف منسٹر ملو بھٹی وکرامارکہ اور ریاستی وزرائ کی موجودگی میں شروع ہوا۔

Desk

Ponguleti Srinivasa Reddy

تلنگانہ کے وزیر مال و امکنہ پنگولیٹی سرینواس ریڈی نے کہا ہے کہ حکومت غرباء کے ذاتی مکان کے خواب کو ان کا روزگار متاثر کئے بغیر پورا کرنے کیلئے اقدامات کررہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ اندراماں اسکیم کے تحت دس منزلہ عمارتیں غرباء کے کام کرنے کے مقامات کے قریب ہی تعمیر کی جائیں گی۔ آج اس پروگرام کا جائزہ لیتے ہوئے انہوں نے کہا کہ اس سال کیور کے تحت ایک لاکھ مکانات کی تکمیل کا نشانہ مقرر کیا گیا ہے۔ ہر حلقہ میں ابتداء میں 500 مکانات تعمیر کئے جائیں گے۔

Desk